Backgrounder

پس منظر نامہ

Ministry of the Attorney General وزارت اٹارنی جنرل

فروری 20، 2006 ء

انسانی حقوق کی تشکیل نوعوام کی بہتر طور پر خدمت کرے گی

اونٹاریو میں جدید انسانی حقوق کا نظام

میک گوئنٹی حکومت (McGuinty government) کا 2006ء کے موسم بہار میں ایسا قانون متعارف کروانے کا ارادہ ہے جو، اگر پاس ہوگیا، تو اونٹاریو کے 40سالہ انسانی حقوق کے نظام کوبدل دے گاتاکہ وہ نئے انسانی حقوق کے مسائل کو بہتر طور پر حل کر سکے۔

انسانی حقو ق کے لئے مجوزہ نیانمونہ، اونٹاریو کے پہلے سے بہتر انسانی حقو ق کے ٹربیونل میں براہ راست دعو ی دائر کرنے اور شکایات کا ازالہ کرنے کیلئے نسبتا ایک سریع ، زیادہ کارگزار طریقہ فراہم کرے گا۔ نیانمونہ اونٹاریو ہیومن رائٹس کمیشن کو بھی مضبوط کرے گااور اسے انسانی حقو ق کے مسائل کے حل کیلئے اور مستقبل کے مسائل سے نمٹنے کیلئے پیشگی اقدامات کرنے پر زیادہ زور دے گا۔

اونٹاریو میں موجودہ انسانی حقو ق کانظام

موجودہ انسانی حقوق کا نظام، جو اونٹاریو ہیومن رائٹس کمیشن اورہیومن رائٹس ٹر یبونل آف اونٹاریو پر مشتمل ہے ، سن 1961ء میں بنایا گیا تھا، جب صوبے نے انسانی حقو ق کا پہلا مجموعہ قوانین و ضوابط جاری کیاتھا ۔ مجموعہ قوانین وضوابط صوبے میں ہرکسی کو کام کرنے والی جگہوں، رہائشوں ، مال اسباب، خدمات اور آسائشی عمارات میں نارواامتیاز اور خوف زدہ کئے جانے سے بچانے کیلئے جاری کیا گیا تھا۔

اونٹاریو ہیومن رائٹس کمیشن

کمیشن ایک خودمختار ایجنسی ہے ، جو بذریعہ اٹارنی جنرل قانون ساز ادارے کو جواب دہ ہے۔ کمیشن اونٹاریو ہیومن رائٹس کے مجموعہ قوانین کا نفاذ کرتا ہے ، اور اس کامرکزی کردار شکایات وصول کرنا اور ان کی تفتیش کرنا ہے ۔ شکایات کی تفتیش کے بعد، پھرکمیشن فیصلہ کرتا ہے آیا کہ معاملہ ہیومن رائٹس ٹربیونل آف اونٹاریو کے پاس سماعت کے لئے آگے جانا چاہئے یا نہیں ۔

کمیشن اپنے پالیسی کے مطابق کام ،تحقیق اور معنی خیزانسانی حقوق کے مسائل کے بارے میں ہدایات ترتیب دینے کیلئے بین الاقوامی شناخت حاصل کر چکاہے ۔ حالیہ اخبارات یا رسالوں وغیرہ کی اشاعتوں میں نسلی ناک نقشے ، عمر کے بارے میں نارواامتیاز، حکم نامے کی وجہ سے جبری ریٹائر مینٹ اور ریستورانوں کے مربوط سلسلے کی قابل رسائی حسابی جانچ پڑتالوں کی رپورٹیں شامل ہیں۔

میک گوئنٹی حکومت (McGuinty government) نے نومبر005 ا ء میں باربرا ہال (Barbara Hall)کواونٹاریوہیومن رائٹس کمیشن کی چیف کمشنر تعینات کیا ہے ۔

ہیومن رائٹس ٹربیونل آف اونٹاریو

ٹربیونل ایک خود مختار، نیم عدالتی ادارہ ہے ، جو نارواامتیاز اور خوف وپریشانی کی شکایات کی، مجموعہ قوانین وضوابط

(McGuinty government) نے اپریل 005 ا ء میں مائیکل گوتھیل (Michael Gottheil)کوہیومن رائٹس ٹریبونل آف اونٹاریو کاچیئرمین تعینات کیا۔

مجوزہ جدید اونٹاریو انسانی حقوق کا کمیشن

مجوزہ تشکیل نوکے تحت، کمیشن کا کردار مستقبل کے مسائل سے نمٹنے کیلئے پیشگی اقدامات پر مرکوز ہوگا، جیسے کہ عوامی آگاہی، ترقی دینا اور عوامی وکالت ، تحقیق ونگرانی، اور اونٹاریو میں نظم و ترتیب والاناروا امتیاز ۔ کمیشن کے اندر نسلی امتیاز کے خلاف ایک سیکریٹیریٹ بھی قائم کیا جائے گا۔ کمیشن ٹریبونل کے سامنے کسی شکایت کو اپنے طور پر لانے یادوسری شکایات میں دخل اندازی کرکے انہیں حل کروانے کی اپنی اہلیت کوبھی برقرار رکھے گا۔

مجوزہ جدیدہیومن رائٹس ٹریبونل آف اونٹاریو

ایک نیا شکایات کاطریقہ کار زیر عمل لایا جائے گا، جس میں دعو ی جات براہ راست ٹریبونل کے پاس داخل کئے جائیں گے ۔ تنازعات کو انصاف سے ، تیزی سے اور مؤثر طور پر حل کرنے کیلئے، اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کی تلافی کی فراہمی کیلئے ، اورٹریبونل کو تازہ ترین قانونی اختیارات مہیا کرنے کی غرض سے انسانی حقو ق کا نیا قانون متعارف کروایا جائے گا۔ان لوگوں کو دونوں مدد اورختیار دینے کیلئے جو ٹریبونل کے سامنے تدارک کے متلاشی ہیں، نیانمونہ قانونی اور مشاورتی خدمات جاری کرے گا۔

- 30 -

رابطے :

گریگ کرون (Greg Crone)
دفتر وزیر (Ministers Office)
(416) 31 6–1785

برینڈن کرالے (Brendan Crawley)
کمیونیکیشنز برانچ (Communications Branch)
(416) 31 6–1 1 10

www.attorneygeneral.jus.gov.on.ca

ٹیلیفون پر معلومات عامہ: 416-326-2220 یا 1-800-518-7901

اس دستاویز کی عبارت سننے کیلئے، نابیناافراد اوپر دئیے ہوئے فون نمبروں پر کال کریں

ٹی ٹی وائی : 416-326-4012

اس دستاویزکا 14زبانوں میں ترجمہ کیا جارہا ہے ۔
یہ تراجم www.attorneygeneral.jus.gov.on.ca پر دستیاب ہوں گے۔